© rasailojaraid.com

اخبار الجامعہ

## عید الاضحیٰ کے موقع پر جامعہ میں تعطیلات

عید الاضحیٰ کے موقع پر جامعہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) میں مورخہ 6 فروری (جمعرات) بمطابق ۴ ذوالحجہ سے شروع ہو کر مورخہ 21 فروری بمطابق ۱۹ ذوالحجہ جمعہ کی شام تک رہیں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں مورخہ 9 فروری (اتوار) بمطابق ۷ ذوالحجہ سے شروع ہو کر مورخہ 16 فروری بمطابق ۱۴ ذوالحجہ اتوار کی شام تک رہیں گی۔

## رشید سنز (تحصیل روڈ جہلم) کا افتتاح

شیخ عبدالرشید سیٹھی مرحوم کے فرزند ارجمند جناب محمد شکیل سیٹھی صاحب (جو کہ جماعتی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں) نے تحصیل روڈ پر اپنے نئے سہ منزلہ کاروباری سنٹر میں منتقل ہونا تھا۔ اس خوبصورت کاروباری مرکز کا افتتاح رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے کیا۔ شہر بھر کے چیدہ چیدہ کاروباری افراد مدعو تھے۔ فیصل آباد سے خاص طور پر ان کے چچا شیخ عبدالحمید سیٹھی صاحب بھی تشریف لائے۔ جنہوں نے شکیل صاحب کو نئی عمارت میں کاروبار شروع کرنے پر مبارک باد دی۔ آخر میں حافظ صاحب نے ان کے کاروبار کی ترقی اور حلال، طیب اور پاکیزہ رزق کیلئے دعا کی۔

وفیات

## شیخ محمد اعجاز، شیخ محمد واصف اور محمد توصیف کو صدمہ

انجمن اہلحدیث جہلم کے سرگرم عہدیدار اور اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے نگران جناب شیخ محمد اعجاز صاحب (شیخ میڈیکل سٹور بالمقابل سی ایم ایچ جہلم کینٹ) جو کہ ان دنوں خود بھی دل کے مریض ہیں۔ انہیں اپنے بہنوئی شیخ محمد اشرف کی وفات کا صدمہ اٹھانا پڑا۔

## خالد بشیر، اشفاق و سہیل برادران کو صدمہ

بلال ٹاؤن جہلم کے جماعتی ساتھی جناب بشیر احمد بھٹہ صاحب کی خوش نصیبی دیکھیئے کہ مورخہ 17 جنوری بروز جمعہ کو حالت احرام میں حج کیلئے روانہ ہونے کیلئے اسلام آباد ائیر پورٹ سے ان کی حج فلائٹ پرواز کیلئے ٹیک آف کرنے والی تھی کہ عین اسی لمحے ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ إنـا لـلـه



© rasailojaraid.com